نقد و نظر

پاکستانی اہلِ قلم کی ڈائریکٹری

باہتمام :- اکادمی ادبیاتِ پاکستان، اسلام آباد

نگرانِ اعلیٰ :- مسیح الدین احمد صدیقی، ڈائریکٹر جنرل اکادمی ادبیات پاکستان، اسلام آباد

مرتبہ :- فرید احمد ـــ حسن عباس رضا

صفحات ۴۹۶ - کتابت، کاغذ، طباعت عمدہ - مجلد مع سرورق - قیمت درج نہیں -

اہلِ قلم جو ملک و قوم کو بہترین افکار و خیالات سے مالامال کرتے اور ان کی ذہنی اور فکری جلا کا باعث بنتے ہیں، ہمیشہ عدم التفاتی کا شکار رہے ہیں۔ حالاں کہ ملک و قوم کے ہر حصے میں ان کو ایک عظیم الشان اور رفیع المرتبت متاع کی حیثیت حاصل ہونی چاہیے۔ جو لوگ ان سے استفادہ کرتے ہیں، عام طور پر دیکھا گیا ہے کہ وہ کبھی ان کے ضروری کوائف اور علمی سرگرمیوں سے آگاہ نہیں ہوتے۔ اہلِ قلم ہر موضوع سے متعلق اظہار رائے کرتے اور ہر مسئلے کو نظر و بصر کا ہدف ٹھہراتے ہیں، اُن کے حالات اور تحقیقی مساعی سے واقفیت بڑی ضروری ہے۔ اس سلسلے میں اکادمی ادبیاتِ پاکستان نے "پاکستانی اہلِ قلم کی ڈائریکٹری" شائع کر کے ایک اہم خدمت انجام دی ہے، اور واقعہ یہ ہے کہ برّصغیر پاک و ہند میں اپنی نوعیت کی یہ پہلی کوشش ہے۔ اس ڈائریکٹری میں حروفِ تہجی کی ترتیب سے اہلِ قلم کے نام، سن پیدائش، پیشہ، تحریر کی زبان، مطبوعہ اور غیر مطبوعہ کتابیں، مکمل پتے وغیرہ تحریر کیے گئے ہیں۔ اکادمی کے نگرانِ اعلیٰ جناب مسیح الدین احمد صدیقی صاحب کو اس بات کا احساس ہے کہ "ڈائریکٹری میں ابھی بڑی کوتاہیاں آپ کو نظر آئیں گی" لیکن اس کے باوجود یہ بہت بڑا کام ہے جو انھوں نے پہلی مرتبہ کر دکھایا ہے۔ آئندہ کے لیے صدیقی صاحب ممدوح یہ عزم کیے ہوئے ہیں کہ "نئی ڈائریکٹری کی ترتیب تک یہ کوتاہیاں بڑی حد تک دُور کر دی جائیں گی"۔ بہرحال اس اہم خدمت پر ہم اکادمی اور اس کے نگرانِ اعلیٰ جناب مسیح الدین احمد صدیقی صاحب کو مبارک باد پیش کرتے ہیں اور اہلِ قلم سے درخواست کرتے ہیں کہ نئی ڈائریکٹری کی ترتیب میں وہ اُن سے تعاون کریں اور اپنے علمی و تصنیفی کوائف سے انھیں مطلع فرمائیں۔